26870 ـ کیا صرف ہاتھ اٹھا کر قسم اٹھانا قسم شمار ہو گا ؟

سوال

میں آپ سے غیر مسلموں کے ہاں قسم کے بارہ میں پوچھنا چاہتا ہوں، اور کیا جب اسے مسلمان ادا کرے تو یہ قسم شمار ہو گی، اس کی مثال یہ ہے کہ: وہ ہاتھ اٹھا کر کہے کہ یہ معلومات صحیح ہیں، یہ قسم شمار ہو گی یا نہیں برائے مہربانی وضاحت فرمائیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

قسم اس وقت تك نہیں ہو جب تك اللہ تعالی کے ناموں یا صفات میں سے کسی ایك کے ساتھ قسم نہ اٹھائی جائے، صرف ہاتھ اٹھانا قسم شمار نہیں ہوتا، چاہے وہ مسلمان کریں یا کوئی اور.

واللہ اعلم .